## سوال

فصل کی زکواۃ کے مطلق۔

## جواب

فصل کی زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فصل کی زکوۃ اس کا خرچ نکال کردی جائیگی یا پھر اسکے بغیر۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نہیں! فصل کی زکوۃ اس کا خرچ نکالے بغیر ہی ادا کی جائے گی۔ ہاں البتہ صرف اتنا سا فرق احادیث میں موجود ہے کہ بارانی (یعنی بارشوں والی) زمینوں میں سے عشر (دسواں حصہ) جبکہ ٹیوب ویل سے سیراب کی گئی زمینوں سے نصف عشر (بیسواں حصہ) زکوۃ نکالی جائیگی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث